پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

16مئی2018

وسنت دادانگری سہکاری بینک لمٹیڈ، عثمان آباد، مہاراشٹر
ہدایات میں توسیع

ریزروبینک آف انڈیا نے عوامی مفاد کے مدّنظر بینکنگ ریگولیشن ایکٹ،1949 کے سیکشن35A کے سب سیکشن(I) کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے''وسنت دادانگری سہکاری بینک لمٹیڈ، عثمان آباد، مہاراشٹرکو13 نومبر2017 کے کام کے اختتام سے 6ماہ کے لئے کچھ ہدایات جاری کی تھیں۔اب ریزروبینک نے ان ہدایات پرعمل کرنے کی مدّت میں مزید6ماہ کی توسیع 14 مئی2018سے13 نومبر، 2018 تک کے لئے کردی ہے۔ان ہدایات کے تحت اس بینک پر کچھ پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔رقم نکاسی کی حد/ ڈپازٹس کی منظوری وغیرہ۔عوام کے مفادمیں ان ہدایات کی تفصیل بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے چسپاں کردی ہے۔ریزروبینک حالات کودیکھتے ہوئے ان ہدایات میں ترمیمات پرغورکرسکتاہے۔ان ہدایات (پابندی) کوجاری کرنے کا مطلب ریزروبینک کے ذریعہ اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کرنانہیں ہے۔یہ بینک اپنی روزمرّہ کی بینکنگ تجارت کچھ پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گاجب تک اس کی مالی حالت میں بہتری نہ ہوجائے۔

پریس ریلیز3007/2017-2018

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر